نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

خطہ پوٹھوہار کو حقیقی معنوں میں زیتون ویلی میں تبدیل کرنے کے لیے 19 لاکھ 20 ہزار زیتون کے پودے کاشتکاروں کو فراہم کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب

خطہ پوٹھوار میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے تمام وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ افتخار علی سہو

لاہور: 25 اگست 2024: سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو کا کہنا ہے کہ خطہ پوٹھوار کو حقیقی معنوں میں زیتون ویلی میں تبدیل کرنے کے لیے 19 لاکھ 20 ہزار زیتون کے پودے فراہم کیے گئے ہیں۔ محکمہ زراعت پنجاب نے 13 لاکھ 20 ہزار پودے مفت فراہم کیے ہیں جبکہ قومی منصوبے کے تحت 6 لاکھ زیتون کے پودے پوٹھوار میں 67 فیصد سبسڈی پر کاشتکاروں کو فراہم کیے گئے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا مزید کہنا تھا کہ زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے تمام ممکنہ وسائل اور ذرائع بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ خطہ پوٹھوار میں زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ٹرانسفارمیشن پلان مرتب کیا جارہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ خطہ پوٹھوار ہائی ویلیو کراپس کی کاشت کے لیے موزوں ہے۔ پوٹھوار می ایوکیڈو کی کاشت کے فروغ کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ پوٹھوار میں آرگینگ فارمنگ کو حقیقی معنوں میں متعارف کروایا جائے گا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ انگور اور زیتون خطہ پوٹھوار کے اہم پھل ہیں۔ ان پھلوں کی کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ کے لیے باغبانوں کی فنی رہنمائی کی جارہی ہے۔ خطہ پوٹھوار کی آب وہوا کے مطابق ٹماٹر کی کاشت کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ خطہ پوٹھوار میں تحفظ اراضی کیلئے آقدامات کئے جارہے ہیں۔ خطہ پوٹھوار میں 1500 سے زائد منی ڈیمز سبسڈی پر تعمیر کیے گئے ہیں۔ خطہ پوٹھوار میں 2000 سے زائد آبی تالاب بھی بنائے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ خطہ پوٹھوار میں 30 ہزار ایکڑ رقبہ پر ہائی ایفیشینسی اریگیشن سسٹم سبسڈی پر لگایا گیا ہے۔

☆☆☆☆